
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن سے پہلے دنیا کے نقشے کا بندوبست کر لیں۔

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ کو معلوم ہے پینگوئن کسے کہتے ہیں؟ بچوں کے جوابات سننے کے بعد انہیں بتائیں کہ آج ہم پینگوئن کے بارے میں ایک کتاب پڑھیں گے۔
  - بچوں کو کتاب میں تصویریں دکھائیں اور کتاب کے آخری صفحے سے بھی مدد لیں۔

10 منٹ
- 6-8 بچوں سے باری باری کتاب کے ایک ایک صفحے کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں مدد کریں۔

25 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا کسی نے پینگوئن دیکھا ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ اکثر بچوں کو پینگوئن دیکھنے کا موقع اس لئے نہیں ملتا کیونکہ زیادہ تر پینگوئن دنیا کے انتہائی جنوبی حصے میں ٹھنڈے سمندر کے پاس رہتے ہیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں معلوم ہے کہ دنیا میں بڑے سمندر (oceans) کتنے ہیں؟ یہ بھی بتائیں کہ بڑے سمندروں کو اردو میں **بحر** کہتے ہیں۔ سمندر کے نام اردو اور انگریزی میں بورڈ پر لکھیں۔ دنیا کے نقشے کی مدد سے بچوں کو یہ سمندر دکھائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ سمندر کے نام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| ocean | بحر |
|---|---|
| Indian Ocean | بحر ہند |
| Pacific Ocean | بحرالکاہل |
| Atlantic Ocean | بحر اوقیانوس |
| Arctic Ocean | بحر قطب شمالی |
| Southern Ocean | بحر قطب جنوبی |

# سیشن 2

10 منٹ
- جن بچوں نے پہلے کتاب کی پڑھائی نہیں کی ان میں سے 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ پینگوئن کے بارے میں انہیں کون سی باتیں دلچسپ لگیں۔ اگر بچوں کو کوئی بات واضح نہ ہو تو اس کی وضاحت کریں۔

- پینگوئن بچوں کے **نرسری اسکول** کے بارے میں سمجھائیں کہ پینگوئن اپنے بچوں کو ایک جگہ اکٹھا کر کے رکھتے ہیں جہاں چند پینگوئن ان کی حفاظت بھی کرتے ہیں۔ کتاب میں بچوں کے اکٹھا رہنے کی اس جگہ کو نرسری اسکول لکھا ہے۔

- بچوں کو بتائیں کہ کرل جھینگے کی طرح کا لیکن اس سے چھوٹا ایک سمندری جانور ہے اور اسکوئڈ اوکٹوپس کی طرح کا لیکن اس سے چھوٹا سمندری جانور ہے۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں دوسرے پرندوں / جانوروں کے بارے میں کوئی دلچسپ بات معلوم ہے؟ تمام بچوں کو باری باری بولنے کا موقع دیں۔ چند پرندوں / جانوروں کے بارے میں خود بھی کوئی دلچسپ بات بتائیں جیسے:

1) شتر مرغ (ostrich) خطرے کو دیکھ کر اپنا منہ ریت میں چھپا لیتا ہے۔
2) شکر خورا (hummingbird) جب پر ہلاتا ہے تو ایسی آواز آتی ہے جیسے گنگنا رہا ہو۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

اگر بچے کوئی دلچسپ بات بتائیں اور آپ کو معلوم نہ ہو تو بچوں سے کہیں کہ میں معلوم کر کے confirm کروں گی۔ اس طرح بچوں میں صحیح ریسرچ اور معلومات کے ذریعہ کو چیک کرنے کی اہمیت کا احساس ہو گا۔

15 منٹ
- بچوں سے جملے بنانے کا کام کرائیں۔ نیچے دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں جملے بنائیں۔ جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

پرندہ غوطہ چھوٹا سمندر گھونسلہ پہچان

## گھر کا کام

5 منٹ • کتاب پڑھیں اور پینگوئن کے بارے میں جو بات دلچسپ لگے وہ لکھ کر لائیں۔

# سیشن 3

15 منٹ • بچوں سے گھر کے کام کے بارے میں پوچھیں کہ وہ پینگوئن کے بارے میں کون سی دلچسپ باتیں لکھ کر لائے ہیں۔

- ہر بچے سے کہیں کہ اپنی کوپی سے کوئی ایک بات پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کی باتیں دلچسپی سے سنیں اور جہاں وضاحت کی ضرورت ہو وہاں مناسب وضاحت کریں۔

10 منٹ • اوپر کی گئی گفتگو کے حوالے سے بچوں کو بتائیں کہ پینگوئن کئی طرح کے کام کر سکتا ہے۔ کسی کام کے کرنے کو فعل (verb) کہتے ہیں۔

- فعل (verb) کی تعریف بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ اسے اپنی کوپی میں لکھیں۔

### فعل کی تعریف

فعل ان الفاظ کو کہتے ہیں جن سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتہ چلتا ہے۔

- بچوں سے چند افعال (verbs) کی مثالیں زبانی پوچھیں۔
- چند مثالیں بورڈ پر لکھ کر فعل کو دائرہ لگا کر ظاہر کریں جیسے:

پینگوئن (تیرتا) ہے        گھونسلہ (بناتا) ہے

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کتاب میں سے دیکھ کر ایسے پانچ کام / افعال اپنی کوپی میں لکھیں جو پینگوئن کرتا ہے۔

- جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • صفحہ نمبر 10 - 1 سے املا کے لئے تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 4

15 منٹ • بچوں سے کہیں اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

- نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے 10 الفاظ کا املا کرائیں:

پینگوئن پیٹھ سفید بطخ چھوٹے استعمال جنوبی ٹھنڈے
جھینگا غوطہ چونچ گھونسلہ پتھر انڈے نکلتے

10 منٹ • املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کتاب کا آخری صفحہ کھولیں اور اس پر بنی مختلف پینگوئن کی تصاویر دیکھیں۔ بچوں سے باری باری ان کے نام پڑھوائیں اور ان کے بارے میں بات چیت کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ اکثر پرندے اڑ سکتے ہیں مگر چند ایسے بھی ہیں جو اڑ نہیں سکتے۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں دوسرے ایسے پرندوں کے نام معلوم ہیں جو اڑ نہیں سکتے۔
- بچے جن پرندوں کے نام بتائیں وہ اردو اور انگریزی میں بورڈ پر لکھیں اور خود بھی فہرست میں اضافہ کریں۔
- بچے یہ فہرست اپنی کوپی میں لکھیں۔

| birds | پرندے |
|---|---|
| penguin | پینگوئن |
| ostrich | شتر مرغ |
| kiwi | کیوی |
| emu | ایمو |

# سیشن 5

- پینگوئن کے بارے میں 5 سوال بورڈ پر لکھیں۔ 30 منٹ
  - ہر سوال کا جواب پہلے بچوں سے زبانی پوچھیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ یہ سوال اپنی کوپی میں لکھیں اور پھر کتاب پڑھ کر ان کے جواب لکھیں۔

**سوال و جواب** (جواب ٹیچر کی سہولت کے لئے دیئے گئے ہیں)

سوال: پینگوئن کیوں نہیں اڑ سکتا؟

جواب: کیونکہ اس کا جسم بھاری اور پر چھوٹے ہوتے ہیں۔

سوال:   پینگوئن مچھلی ثابت کیوں نگل جاتے ہیں؟
جواب:   کیونکہ ان کے دانت نہیں ہوتے۔

سوال:   پینگوئن اماں ابا انڈے پر باری باری کیوں بیٹھتے ہیں؟
جواب:   تا کہ وہ باری باری کھانا لینے جا سکیں۔

سوال:   ایمپرر پینگوئن انڈے کو اپنے پاؤں پر کیوں رکھتے ہیں؟
جواب:   ان کا گھونسلہ نہیں ہوتا اس لئے انڈے کی حفاظت کے لئے پاؤں پر رکھتے ہیں۔

سوال:   بچے پینگوئن اماں ابا کے پیچھے پیچھے سمندر کیوں جاتے ہیں؟
جواب:   کیونکہ انہیں راستہ معلوم نہیں ہوتا۔

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں اپنی پسند کے پینگوئن کی ڈرونگ بنائیں۔ اس میں رنگ بھریں اور پینگوئن کی قسم کا نام لکھیں۔

# سیشن 6

15 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ بہت سے پرندے ایسے ہوتے ہیں جو بہت دور تک اڑ کر سفر کرتے ہیں۔ یہ بہت سرد علاقوں میں رہتے ہیں اور سردی کے موسم میں گرم علاقوں میں آ جاتے ہیں۔

  - انہیں migratory birds کہتے ہیں۔ Migration کا مطلب ہے ایک جگہ سے دوسری جگہ جا کر رہنا۔

- بچوں کو بتائیں کہ دنیا میں migratory birds کے 7 راستے ہیں۔ انہیں flyways کہتے ہیں۔ ان میں سے ایک پاکستان سے بھی گزرتا ہے۔ پاکستان میں یہ پرندے ستمبر کے مہینے میں آنا شروع ہوتے ہیں اور نومبر تک رہتے ہیں۔ پاکستان میں یہ پرندے سائبیریا (روس) سے ہندوکش اور قراقرم کے پہاڑوں کے اوپر سے اڑ کر آتے ہیں اور پھر پہاڑوں سے نیچے وادی سندھ (indus valley) میں آتے ہیں۔ پہاڑ اور وادی سندھ میں واقع جھیلوں اور ڈیم پر رکتے ہیں۔ ٹھٹھہ کے قریب کلری جھیل ایشیاء کی سب سے بڑی bird sanctuary ہے۔

15 منٹ

- پاکستان آنے والے پرندوں کے نام اردو اور انگریزی میں بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| birds | پرندے | birds | پرندے |
|---|---|---|---|
| pelican | ماہی خور | stork | سارس / بگلہ |
| flamingo | آتشی سارس | crane | کونج |
| teal | چھوٹی مرغابی | kingfisher | رام چڑیا |
| swan | راج ہنس | mallard | مرغابی |
| houbara bustard | ہوبارا بسٹرڈ | goose | ہنس |

15 منٹ

- بچوں سے ہم آواز الفاظ بنانے کا کام کروائیں۔ ایک الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان کے ہم آواز الفاظ پوچھ کر وہ بھی بورڈ پر لکھیں۔ جیسے :

کھاتا  جاتا  لاتا  گاتا  آتا

- بچوں کو 4 - 3 اور الفاظ دیں جیسے :

نانی  روتے  باری

- بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو اپنی کوپی میں لکھیں اور ان سے ہم آواز الفاظ بنائیں۔
- بچے جب کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔

# پینگوئن

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale